2018年4月8日ジャング紙ラーワルピンディー版2面

نیو اسلام آباد ائیر پورٹ پر پہلی آزمائشی پرواز کی کامیاب لینڈنگ

پی آئی اے طیارہ بے نظیر بھٹو ائیر پورٹ سے روانہ ہوا، 20 اپریل کو نیا ائیر پورٹ آپریشنل ہو جائیگا، عرفان الٰہی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) نیو اسلام آباد ائیر پورٹ کے رن وے پر ہفتہ کو پی آئی اے کی پہلی آزمائشی پرواز نے کامیاب لینڈنگ کی۔ پاکستان انٹرنیشنل ائیرلائن کی ائیربس بوئنگ اے 320 ہفتہ کی دوپہر بے نظیر بھٹو انٹرنیشنل ائیر پورٹ سے روانہ ہوئی اور دن ڈیڑھ بجے اسلام آباد کے نئے بین الاقوامی ائیر پورٹ پر کامیابی سے اتر گئی۔ پہلی آزمائشی پرواز میں پی آئی اے کے صدر اور چیف ایگزیکٹو رسول سیان بھی موجود تھے۔ انہوں نے نئے ہوائی اڈے کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا، پہلی آزمائشی پرواز کی لینڈنگ پر سیکرٹری ایوی ایشن عرفان الٰہی نے سول ایوی ایشن اور پی آئی اے حکام کو مبارکباد دی اور کہا کہ نیو اسلام آباد ائیر پورٹ کی تکمیل ملکی ہوابازی کی تاریخ کا اہم سنگ میل ہے، نئے ائیر پورٹ کی تکمیل اور آزمائشی پرواز کی لینڈنگ کے لئے سول ایوی ایشن کے عملے نے بھرپور محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد انٹرنیشنل ائیر پورٹ کو 20 اپریل سے اندرونی و بین الاقوامی پروازوں کے لئے باقاعدہ آپریشنل کر دیا جائے گا، نیو اسلام آباد ائیر پورٹ پر مسافروں کو جدید ترین سہولیات فراہم کی گئی ہیں، سیکورٹی بھی عالمی معیار کی ہوگی۔ پی آئی اے کی آزمائشی پرواز پی کے۔ 9001 میں کیپٹن 000 بجارانی، فرسٹ آفیسر حماد خان اور مدثر مشتاق کے علاوہ چیف انجینئر فرحان میر اور کریو کے 7 افراد سوار تھے، طیارے کی نیو اسلام آباد ائیر پورٹ لینڈنگ کے بعد مسافروں کی کلیئرنس کی بھی مشق کی گئی۔ بعدازاں آزمائشی پرواز دن ساڑھے تین بجے واپس بے نظیر بھٹو انٹرنیشنل ائیر پورٹ کے لئے روانہ ہو گئی۔